
27 مئی، 2020

معزز والدین اور اہل خانہ،

آج ہی، ڈسٹرکٹ کی جانب سے نئے ڈیٹا کا اشتراک کیا گیا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بہت سے طلباء Google پلیٹ فارمز کے ذریعے ڈیجیٹل تعلیم تک رسائی حاصل کر رہے ہیں۔ اگرچہ یہ ایک مثبت خبر ہے، وہیں ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ ہم—منتظمین، اساتذہ، والدین، اور طلباء — اب بھی یہ معلوم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کے لیے گھر بیٹھے تعلیم کے عمل کو کس طرح سے بہترین بنایا جائے۔

ڈسٹرکٹ کے سربراہان اور اسکول جانے کی عمر میں ہونے والے بچوں کی ماؤں کی حیثیت سے، ہم جانتے ہیں کہ گھر بیٹھے تعلیم کی یہ تبدیلی اپنے ساتھ کچھ مشکلات بھی لے کر آئی ہے۔ تاہم، آج ہم جس ڈیٹا کا اشتراک کرنے جا رہے ہیں، وہ ایک ایسے مثبت رجحان کی طرف اشارہ کرتا ہے جس کی سال کے اختتام تک تعمیر کے لیے ہم پرعزم ہیں۔ اور اگر ہمیں موسم خزاں میں بھی گھر بیٹھے تعلیم کو جاری رکھنے کی ضرورت پڑی، تو ہم اتنا کچھ سیکھ چکے ہوں گے جو نئے تعلیمی سال میں آگے بڑھنے میں ہمارے لیے مددگار ثابت ہوگا۔




**طلباء کی مصروفیت کے ڈیٹا کے حوالے سے اہم نکات:**

- ڈسٹرکٹ اسکولز میں موجود **CPS** کے **<u>93 فیصد</u>** طلباء کو ڈیجیٹل رسائی حاصل ہے۔
- ہفتے میں کم از کم ایک بار گھر بیٹھے تعلیم کے لیے Google کے تعلیمی ٹولز کا استعمال کرنے والے طلباء کی شرح گھر بیٹھے تعلیم کے پہلے ہفتے (13 اپریل-17 اپریل) میں **<u>70 فیصد سے بڑھ کر</u>** 11 مئی کے ہفتے میں **<u>77 فیصد</u>** ہو چکی ہے۔

- 11 مئی کے ہفتے کے دوران دی جانے والی ایک اسائنمنٹ میں **84 فیصد** طلباء نے کم از کم ایک درجہ حاصل کیا ہے، جس میں 27 اپریل کے ہفتے کے دوران آنے والے اس ہفتے کی نسبت **51 فیصد اضافہ** ہوا ہے جس میں درجہ بندی کی رہنمائی جاری کی گئی۔
- اسکول کی جانب سے فراہم کردہ ڈیٹا کی بناء پر یہ ریکارڈ کیا گیا کہ 11 مئی کے ہفتے کے دوران **85 فیصد** طلباء اسکول کے ساتھ رابطے میں تھے۔

یہ ایک ایسے ڈسٹرکٹ کے لیے امید افزاء خبر ہے جو معاشرتی و اقتصادی طور پر متنوع طلباء کی تنظیم کے لیے خدمات انجام دیتا ہے۔ ہمارا ماننا ہے کہ ہماری جانب سے — 122،000 سے زائد کمپیوٹنگ ڈیوائسز اور 12 ملین سے زائد کھانوں کی تقسیم جیسی اصلاحی کاروائیوں نے-خاندانوں کو ایسے وسائل مہیا کیے ہیں جو انہیں اپنے بچوں کی گھر بیٹھے تعلیم میں معاونت کے لیے درکار ہیں۔

جیسے جیسے ہم آگے بڑھ رہے ہیں، ہم گھر بیٹھے تعلیم کے عمل اور ان طریقوں کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہیں جن کے ذریعے ہم کسی طالب علم کی شمولیت کا اندازہ لگاتے ہیں۔ جہاں ڈسٹرکٹ کے لیے یہ نہایت ضروری تھا کہ اس وقت اسکولوں کو مختلف ڈیجیٹل پلیٹ فارمز استعمال کرنے کی اجازت دیتا جب گھر بیٹھے تعلیم کے منصوبے فوری طور پر تیار کیے جا رہے تھے، وہیں ہم تمام اسکولز سے یہ مطالبہ کریں گے کہ موسم خزاں میں گھر بیٹھے تعلیم کی ضرورت پڑنے کی صورت میں Google پلیٹ فارمز اختیار کریں۔ تمام اسکولز میں Google کا استعمال اس امر کو یقینی بنائے گا کہ طلباء کی شمولیت کے حوالے سے ہمارے پاس سب سے زیادہ جامع ڈیٹا موجود ہو، جس سے ہمیں ایسے طلباء اور اسکولز کو اضافی معاونت فراہم کرنے میں مدد ملے گی جن کو اس کی ضرورت ہوگی۔

ہم آپ کی مستقل معاونت اور صبر کے لیے آپ کے شکرگزار ہیں۔ ہم اکٹھے مل کر اس دور سے گزر جائیں گے اور اسکول کے آخری دن کے بعد آپ کو اپنی پیشرفت سے متعلق تازہ ترین معلومات فراہم کرنے کے منتظر ہیں۔

خیر خواہ،

جینس کے۔ جیکسن(Janice K. Jackson)، EdD
چیف ایگزیکٹیو آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز

لا تانیا ڈی۔ مک ڈیڈ(LaTanya D. McDade)
چیف ایجوکیشن آفیسر
شکاگو پبلک اسکولز